میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھتا کہ آپ ﷺ دائیں اور بائیں سلام پھیرتے تھے، یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کے رخسار کی سفیدی دیکھ لیتا

سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھتا کہ آپ ﷺ دائیں اور بائیں سلام پھیرتے تھے، یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کے رخسار کی سفیدی دیکھ لیتا
[صحیح] [رواہ مسلم]

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ جب نبی ﷺ اپنی نماز سے سلام پھیرتے تو پہلے سلام کے لیے دائیں جانب اور دوسرے سلام کے لیے بائیں جانب اس قدر مڑتے کہ وہ آپ ﷺ کے رخسار کی سفیدی دیکھ لیا کرتے تھے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65463